14 مئی 2018ء

کریڈٹ بیوروز ایکٹ 2015ء کے سیکشن 6 کے لحاظ سے نجی شعبے میں کریڈٹ بیوروز کا اداشدہ سرمایہ

معزز سندھ ہائی کورٹ نے 2017 کی پٹیشن سی پی نمبر D-250 میں کریڈٹ بیوروز ایکٹ 2015ء کی سیکشن 6 میں بیان کردہ 250.00 ملین روپے کے اداشدہ سرمائے (paid up capital) کو قانونی اختیار سے تجاوز (Ultra vires) قرار دیا ہے۔ معزز عدالت نے بینک دولت پاکستان کو ہدایت کی ہے کہ وہ سیکشن 6 کے مطابق فیصلہ کرے اور عدالتی فیصلے سے ہم آہنگ reasoned order جاری کر کے کم از کم اداشدہ سرمائے کا اعلان کرے۔

معزز عدالت کی ہدایت پر عملدرآمد کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک نے 11 مئی 2018ء کو مطلوبہ آرڈر جاری کر دیا ہے، جس میں کم از کم اداشدہ سرمائے کی حد 225.00 ملین روپے تجویز کی گئی ہے، جسے کمپنی کے مکمل طور پر سبسکرائب اور ڈپازٹ کردہ اداشدہ سرمائے کی حیثیت حاصل ہو گی۔ یہ آرڈر اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے اور اسے درج ذیل لنک پر بھی مہیا کیا جا رہا ہے:

http://www.sbp.org.pk/warnings/pdf/2018/Minimum-PaidUp-Capital-CB.pdf

****